وفاق المدارس کے زیر اہتمام ضمنی امتحان کا انعقاد

34ہزار 791 طلبہ وطالبات کی شرکت

(ملتان: 8اگست 2018ء) وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے زیر اہتمام کتب کے تمام درجات بشمول دراسات دینیہ کے ضمنی امتحان مورخہ 21ذی قعدہ 1439ھ مطابق 4/ اگست 2018ء بروز ہفتہ شروع ہوکر 23ذیقعدہ 1439ھ مطابق 6/اگست 2018ء بروز پیر ختم ہوا۔ضمنی امتحان میں 34ہزار 791 طلبہ وطالبات نے شرکت کی۔ضمنی امتحان کے لیے ملک بھر میں 207/ امتحانی مراکز قائم کیے گئے تھے۔ضمنی امتحان میں روزانہ دو پرچے ہوئے۔یاس امتحان میں شرکت کرنے والے وہ طلبہ طالبات تھے جو سالانہ امتحان میں کسی عذر کی بناپر شریک نہ ہوسکے، یا نتائج میں ناکام ہوئے، بعض ایسے طلبہ طالبات بھی تھے جن کے مجموعی نمبر کم تھے۔ان امتحانات میں بنات کی قدیم فاضلات نے بھی شرکت کی۔

ضمنی امتحان کے موقع پر حضرت صدر وفاق المدارس العربیہ پاکستان حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر دامت برکاتہم العالیہ کی ہدایت پر چاروں صوبائی نظماء نے امتحانی عمل کی نگرانی کی۔ضمنی امتحان خیر وعافیت کے ساتھ مکمل ہوااور پورے ملک کے امتحانی مراکز سے کسی بھی ناخوشگوار واقعے کی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔

ضمنی امتحان کی ایک لاکھ سے زائد جوابی کاپیوں کی مارکنگ کا عمل 26 ذیقعدہ 1439ھ مطابق 19 گست 2018ء بروز جمعرات سے شروع ہوا جو کہ آٹھ یوم پر محیط تھا۔درجات کی تعداد کے لحاظ سے 3 ممتحن اعلیٰ اور 103 ممتحنین مارکنگ کے عمل میں شریک ہوئے۔امید ہے کہ 8/ ذی الحجہ تک وفاق کے تحت منعقدہ ضمنی امتحان کے نتائج کا اعلان کردیا جائے گا۔